Question Paper Serial No.

CCE-III-RR/PR/NSR/NSPR(B)/222/9216

**B**

ಆಗಸ್ಟ್ 2024 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ-3
**AUGUST 2024 EXAMINATION-3**

# CCE RR/PR/ NSR/NSPR Reduced Syllabus

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 38 ]
Total No. of Questions : 38 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U**
**Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು
# Subject : Third Language — URDU

(ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. / ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)
**(Regular Repeater / Private Repeater / NSR / NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 03. 08. 2024 ] [ Date : 03. 08. 2024
ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-15 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 1-15 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-15 A.M. to 1-15 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER
اس طرف سے کاٹ کر پرچہ کھولیں
یہاں سے کاٹیں
03. 08. 2024

**Cut here/ಇಲ್ಲಿ ಕತ್ತರಿಸಿ**

Tear here

## عام ہدایات :

1. سوالی پرچہ میں کُل 38 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو ریورس جیکٹ سے سربمہر کردیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا (تیر کے نشان کی اتّباع کیجئے)۔ پرچہ کھولنے کے لئے دائیں طرف سے نہیں کاٹنا ہے۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. سوالات کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔
6. آپ کو مہیا کیا گیا سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) اور آپ کے ہال ٹِکٹ میں شائع کیا گیا۔ سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) دونوں ایک ہی ہونا ضروری (لازمی) ہے۔

**I.** درجِ ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے : **8 x 1 = 8**

1. ایسی نظم جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف و توصیف کی گئی ہو، وہ کہلاتی ہے۔

(A) نعت (B) حمد

(C) غزل (D) رُباعی

2. وہ کلمہ جو خود معنی دیتا ہو، اُسے کہتے ہیں۔

(A) مستقل کلمہ (B) حُروفِ عطف

(C) حروفِ تخصیص (D) غیر مستقل کلمہ

3. وہ لفظ جس کے کچھ معنی ہوں، کہلاتا ہے۔

(A) فعل (B) مہمل کلمہ

(C) کلمہ (D) ربط

4. وہ حروف جو سبب ظاہر کرتے ہیں، انہیں کہتے ہیں۔

(A) شرط (B) علّت

(C) بیان (D) وصل

5. ان میں مذکر لفظ یہ ہے۔

(A) ترقی (B) روشنی

(C) بات (D) طریقہ

6. وہ حروف جو جُوش، خوشی، غم یا کسی دوسرے جذبے کے اظہار کے موقع پر بے ساختہ نکل جاتے ہیں، وہ کہلاتے ہیں۔

(A) واہ، واہ (B) کہا، کہے

(C) کون، کون (D) نہیں، نہیں

7. غزل کے سب سے اچھے شعر کو کہتے ہیں۔

(A) مقطع
(B) قطعہ
(C) بیتُ الغزل
(D) مطلع

8. رُباعی میں کون سا مصرعہ ردیف وقافیہ کا پابند نہیں ہوتا ؟

(A) پہلا مصرعہ
(B) دوسرا مصرعہ
(C) چوتھا مصرعہ
(D) تیسرا مصرعہ

**II.** پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : **4 x 1 = 4**

9. مضمون : مضامین :: فرد : .........

10. درس گاہ : مدرسہ :: قائد : .........

11. ابتداء : انتہاء :: عام : .........

12. دل : مذکر :: شمع : .........

**III.** <u>درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے</u> : **4 x 1 = 4**

13. دھوبی کے ساتھ کیا حادثہ پیش آیا تھا ؟

14. کرشناراج ساگر بند کی سنگِ بنیاد کس نے رکھی ؟

15. راجا پرجا کا مالک کون ہے ؟

16. اکبر اِلہٰ آبادی کو کس بات کی پرواہ نہ رہی ؟

**IV.** <u>درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے</u> : **8 x 2 = 16**

17. کس لئے مصنّف نے ہانگ کانگ کو سمٹا ہوا دلِ عاشق کہا ہے ؟

18. قدیم دور میں سائنس کی کون سی شاخیں تھیں ؟ نیز سائنس دان کو کس نام سے پکارا جاتا تھا ؟

19. مُلّا نصیر الدین کو اپنا وعدہ کب یاد آیا نیز بیوی نے گھر کی ساکھ کو بچانے کے لئے کیا کیا ؟

20. معمارِ میسور کے نام سے کون مشہور ہوئے اور اُن کی پیدائش کس ضلع میں ہوئی ؟

21. مولانا محمد علی جوہر کے اُردو اور انگریزی اخبارات کے نام بتائیے۔

22. مشاعرے میں خطیب صاحب اپنا کلام کس طرح سناتے تھے ؟

23. اُمّ المؤمنین حضرت عائشہؓ کا حجرہ کیسا تھا ؟

24. مولانا محمد علی جوہرؔ نے ابتدائی تعلیم کہاں حاصل کی اور ان کا لقب کیا تھا ؟

**V.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : **9 x 3 = 27**

بحوالۂ متن درجِ ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے :

25. ''جاپانیوں کی ہر چیز چھوٹی ہوتی ہے، سوائے کردار کے۔''

26. ''مجھے ملاقات کے بارے میں اس وقت یاد آیا، جب میں نے اپنے دروازے پر آپ کا نام لکھا دیکھا۔''

27. ''کم سُخن بھی ہیں، باتونی بھی۔''

28. **درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :**

(i) کرشن چندر (ii) ایم قادر علی خان

29. **درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے:**

(i) مولانا الطاف حسین حالؔی (ii) مرزا اسداللہ غالبؔ

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :**

30. ازل میں مِلا کیا نہ عالَم کے تئیں
قضا نے یہی دِل دِلایا ہمیں

31. تماشائے دَیر و حرم دیکھتے ہیں
تجھے ہر بہانے سے ہم دیکھتے ہیں

32. یاروں کی محبت کا یقین کر لیا میں نے

پھولوں میں چھپایا ہوا خنجر نہیں دیکھا

33. درجِ ذیل انگریزی تحریر کا اُردو میں ترجمہ کیجئے :

Lal Bagh is beautiful garden. There are varieties of flowers and lots of Roses in this garden.

**VI.** درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے : **4 x 4 = 16**

34. آپ کی نصابی کتاب میں شامِل ''نعت'' کے چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھیئے۔

35. اُمّ المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔

یا

عمر خیام کو علمِ ہئیت کا امام اور ریاضی دانِ اعظم کیوں کہا جاتا ہے ؟

درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :

36. تمبا کونوشی ہماری انسانی سوسائٹی کی ایک بڑی کمزوری ہے۔اس کے جسمانی وذہنی نقصانات تو ہیں ہی اوراس کے بہت زیادہ دنوں سے استعمال نے تمباکونوشی پر قابو پانا ناممکن بنا دیا ہے۔جس کا انسانی صحت پر بہت بُرا اثر پڑ رہا ہے چاہے وہ اجتماعی ہو یا اقتصادی ،نقصان ہو رہا ہے۔اور اِن نقصانات کو انسانی آبادی کو بچانے کے لئے کئی تدبیریں اور کانفرنسیں بھی و دیگر ذرائع بھی استعمال ہو رہے ہیں۔ سب سے پہلے اس بُری عادت بلکہ اس ذہنی بیماری کو ابتداء میں وقتی سُکون پانے کے لئے کولمبس کے ایک ساتھی جہاز کے کیپٹن نے کیا تھا۔ جو پہلی جنگِ عظیم 1914ء سے 1918ء کے زمانے میں شروع کیا۔ وہ پرتگال سے لے آیا تھا۔ وہ وہاں اس وبا کو پھیلانے میں اہم رول ادا کیا پھر یہاں سے یہ بیماری دنیا کے دیگر ملکوں میں پھیل گئی۔ اگر چہ کے کچھ ملک اپنی فوجوں کو چاق و چوبند رکھنے کے لئے یہ دیا کرتے تھے۔ اب یہ ان کا ہتھیار بن گیا ہے۔ جبکہ اس میں 250 زہریلے مادّے پائے جاتے ہیں۔ان میں سب سے بنیادی زہر ''نیکوٹین'' ہے، جو جان لیوا امراض بن گئے ہیں۔

سوالات :

(i) تمبا کونوشی انسانی سوسائٹی کے لئے کیا ہے ؟

(ii) تمبا کونوشی کے نقصانات سے بچانے کے لئے کیا تدبیریں کی جارہی ہیں ؟

(iii) سب سے پہلے اس بُری عادت و ذہنی بیماری کی ابتدا کہاں سے ہوئی ؟

(iv) تمبا کونوشی میں کتنے زہریلے مادّے پائے جاتے ہیں ؟

**درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر 12 تا 15 جملوں پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے :**

.37 (i) چندرایان : ہندوستان کی بہت بڑی کامیابی

یا

(ii) قومی تہوار

**VII.** خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : **1 x 5 = 5**

38. اپنے میر معلّم/ میر معلّمہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں تین دن کی چھٹّی مانگی گئی ہو۔

یا

اپنے والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔

DO NOT WRITE ANYTHING HERE